MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ
Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ
بولان
حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
Mobile: 0336-6113760
فون 0853-364003 فیکس 364001
قیمت 5 روپے
جلد 28 | جمعۃ المبارک 15 ستمبر 2017ء بمطابق 23 ذی الحج 1438ھ | شمارہ 253

بلوچستان کے مکمل ہونیوالے اور جاری میگا پروجیکٹس نواز شریف کے وژن کے مرہون منت ہیں، نواب ثناء اللہ خان زہری

کچھی کینال کے مردہ منصوبے میں بھی محمد نواز شریف نے جان ڈالی اور آج اس تاریخی منصوبے کا افتتاح ہوا، ہم نواز شریف کے سپاہی اور بازو ہیں اور اُن کا پیغام لیکر ڈیرہ بگٹی کے عوام کے پاس آئے ہیں

ڈیرہ بگٹی کے عوام کا جوش وجذبہ قابل تعریف ہے اور ہم کچھی کینال کی صورت میں ان کے لئے تحفہ لیکر آئے ہیں جس سے ڈیرہ بگٹی کی ہزاروں ایکڑ اراضی آباد ہوگی،، جلسہ عام سے خطاب

سوئی (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مکمل ہونے والے اور جاری میگا پروجیکٹس ہمارے لیڈر سابق وزیراعظم محمد نواز شریف کے وژن کے مرہون منت ہیں، کچھی کینال کے مردہ منصوبے میں بھی محمد نواز شریف نے جان ڈالی اور آج اس تاریخی منصوبے کا افتتاح ہوا، ہم نواز شریف کے سپاہی اور بازو ہیں اور اُن کا پیغام لیکر ڈیرہ بگٹی کے عوام کے پاس آئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں مسلم لیگ (ن) کے زیر اہتمام (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

احتساب عدالت نے وزیر خزانہ اسحاق ڈار کو نیب ریفرنس پر 20 ستمبر کو طلب کرلیا

نوٹس اسحاق ڈار کے گلبرگ لاہور کے پتے پر جاری کیا گیا، صبح 9 بجے عدالت میں پیش ہونے کا حکم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) احتساب عدالت نے وزیر خزانہ اسحاق ڈار کو نیب ریفرنس پر 20 ستمبر کو طلب کرلیا۔ نیب نے اسحاق ڈار کے خلاف 3 ریفرنس اسلام آباد کی (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

بھارتی ڈپٹی ہائی کمشنر کی دفتر خارجہ طلبی، میزفائر کی بھارتی خلاف ورزیوں کی شدید مذمت

بھارت اپنی افواج کو ایل او سی اور ورکنگ باؤنڈری پر امن برقرار رکھنے کی ہدایات جاری کرے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے سیز فائر کی بھارتی خلاف ورزیوں کی مذمت کرتے ہوئے زور دیا ہے کہ بھگلیاں سیکٹر میں حالیہ خلاف ورزی سمیت ایسے تمام واقعات کی تحقیقات (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

ناراض بلوچ بھائی گمراہ کن پروپیگنڈے کی بجائے صوبے اور عوام کی تعمیر وترقی میں حصہ لیں، وزیراعظم

وہ وقت دور نہیں جب بلوچستان امیر ترین صوبہ ہوگا

شاہد خاقان عباسی

بلوچستان کا مستقبل صوبے کے عوام کے ہاتھوں میں ہے، ووٹ دینے کا صحیح فیصلہ کیا تو ثمرات آپ کے سامنے ہوں گے، ڈیرہ بگٹی آئندہ انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کا گڑھ ثابت ہوگا

محمد نواز شریف کے دور میں بجلی کے تاریخ ساز منصوبے لگے جن کے ثمرات بلوچستان کو ملیں گے، بلوچستان میں 455 ارب روپے سڑکوں کے منصوبوں پر خرچ ہونگے کچھی کینال منصوبے کے افتتاح کے بعد اجتماع سے خطاب



سوئی: وزیراعظم شاہد خاقان عباسی مسلم لیگ (ن) کے زیر اہتمام جلسہ عام سے خطاب کررہے ہیں

ڈیرہ بگٹی (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے سے اتفاق نہیں کرتے محمد احترام کرتے ہیں، ملک جب بھی استحکام ہوتا ہے تو ترقی کا عمل رک جاتا ہے، بلوچستان کا مستقبل صوبے کے عوام کے ہاتھوں میں ہے، ووٹ دینے کا صحیح فیصلہ کیا تو ثمرات آپ کے سامنے ہوں گے، ڈیرہ بگٹی آئندہ انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کا گڑھ ثابت ہوگا، وہ وقت دور نہیں جب بلوچستان ملک کا امیر ترین صوبہ ہوگا، ڈیرہ بگٹی (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

ترقی کے تمام راستے بلوچستان سے ہی گزرتے ہیں، حسن اقبال

سڑکوں اور مواصلاتی نظام کے منصوبوں پر تنقید کرنیوالے ترقی کی تعریف سے آگاہ نہیں، وفاقی وزیر داخلہ

کچھی کینال بلوچستان کی معاشی و اقتصادی ترقی میں اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے، جلسہ سے خطاب

سوئی (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ احسن اقبال نے کہا ہے کہ سڑکوں اور مواصلاتی نظام کے منصوبوں پر تنقید کرنے والے ترقی کی تعریف سے آگاہ، نہیں انہیں کینہ سنگ سے متعلق علم ہوسکتا ہے تاہم یہ معلوم نہیں کہ ترقی کے کہتے ہیں اور ترقی کے بنیادی عنصر کون سے ہیں بھی کینال بلوچستان کی معاشی و اقتصادی ترقی میں اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے پچاس سال سے ڈیرہ بگٹی کی دھرتی نے پورے ملک کو گیس دیکر پاکستان کی معیشت (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

پاکستان اپنے وسائل سے دہشتگردی کیخلاف جنگ لڑرہا ہے، پاکستان امریکی امداد کا محتاج نہیں، وزیر خارجہ

افغانستان بارے ٹرمپ کی پالیسی پر اتفاق نہیں کرتے، افغان مسئلے کا سیاسی حل تلاش کرنا چاہیے، امریکہ خطے میں اپنا طریقہ کار تبدیل کرے

چین، ایران اور ترکی کے دوروں کے دوران پذیرائی، امریکہ میں بارہ تیر روز قیام ہوگا، امریکی اور افغان حکام سے ملاقاتیں ہونگی، اپنا گھر ٹھیک کرنے کے بیان پر قائم ہوں

بیرونی خطرات کو پاکستان جانتا ہے، اندرونی خطرات زیادہ خطرناک ہیں روہنگیا کے معاملے پر چین میانمار کے ساتھ نہیں، خواجہ آصف

اسلام آباد (انٹرنگ ڈیسک) وزیر خارجہ خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان اپنے وسائل سے دہشتگردی کیخلاف جنگ لڑرہا ہے، پاکستان امریکی امداد کا محتاج نہیں، اپنا گھر ٹھیک کرنے کے بیان پر قائم ہوں، چین، ایران اور ترکی کے دوروں کے دوران پذیرائی، امریکہ میں بارہ تیر روز قیام ہوگا، امریکی اور افغان حکام سے ملاقاتیں ہونگی، اپنا گھر ٹھیک کرنے کے بیان پر قائم ہوں، بیرونی خطرات کو پاکستان جانتا ہے، اندرونی خطرات زیادہ خطرناک ہیں روہنگیا کے معاملے پر چین میانمار کے ساتھ نہیں، خواجہ آصف، افغانستان بارے ٹرمپ کی پالیسی پر اتفاق نہیں کرتے، افغانستان مسئلے کا سیاسی حل تلاش کرنا چاہیے، امریکہ خطے میں اپنا طریقہ کار تبدیل کرے، فوج نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قربانیاں دی ہیں، چین، ایران اور ترکی کے دوروں کے دوران پذیرائی، امریکہ میں بارہ تیر روز قیام ہوگا (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)



توہین عدالت کیس الیکشن کمیشن نے عمران خان کے وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے

ساعت پر 2 ضمانتوں کے ساتھ ایک لاکھ کے مچلکے جمع کرانے کا حکم، 25 ستمبر کو پھر طلب، چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں 5 تو ہین رکنی بینچ نے توہین عدالت کیس کی سماعت کی

عمران خان تمام اداروں کا احترام کرتے ہیں، الیکشن کمیشن جب مناسب سمجھے گا وہ پیش ہو جائیں گے، ڈاکٹر بابر اعوان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے توہین عدالت کیس میں تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے خلاف قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے، کیس کی (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)



نیو بلوچ کالونی میں شمولیتی پروگرام میں نیشنل پارٹی کے بزرگ رہنما حاجی وزیر خان رند وحدت کمیٹی کے ممبر خورشید علی رند، نظام رند، نعیم کاشانی، ظفر اللہ ڈومکی، عبدالسلام لانگو، جان محمد رند، حاجی مولا بخش خطاب کر رہے ہیں

حب میں پانی کا بحران مزید سنگین، ٹینکر مافیا نے نرخ بڑھا دیئے

شہری جوہڑوں کا مضر صحت اور بور کا کڑوا پانی پینے سے مختلف بیماریوں میں مبتلا، مختلف علاقوں میں لوگ پانی کی بوند بوند کے لیئے پریشان

سردار صالح بھوتانی، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سمیت محکمہ ایریگیشن اور محکمہ پی ایچ ای کے اعلیٰ حکام سے پانی کے بحران کے خاتمے کیلئے فوری اقدامات اٹھائے، عوامی حلقوں کا مطالبہ

حب (نمائندہ بولان) حب میں پانی کا بحران مزید سنگین، ٹینکر مافیا نے نرخ بڑھا دیئے، شہری جوہڑوں کا مضر صحت اور بور کا کڑوا پانی پینے سے مختلف بیماریوں میں مبتلا، مختلف علاقوں میں لوگ پانی کی بوند بوند کے لیئے پریشان، تفصیلات کے مطابق 15 روز قبل ہونے والی موسلا دھار بارشوں کے دوران لسبیلہ کینال میں مختلف مقامات پڑنے والے شگافوں کو پُر کرنے کا کام اگرچہ جاری ہے لیکن کینال کی بندش کے باعث محکمہ پی ایچ ای کے تالاب خشک (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

بیلہ: ٹرسٹی فاؤنڈر OSDI کے ڈائریکٹر مینجمنٹ معروف سماجی رہنما عاصم عظیم صدیقی، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ مجیب الرحمٰن قمبرانی، ممتاز معروف قبائلی شخصیت وسماجی رہنما وڈیرہ محمد حسن جاموٹ بیلہ کرنل ایف سی محمد جنید اکبر پروگرام منیجر شہریار خان ودیگر OSDI اور حسن جاموٹ ویلفیئر فاؤنڈیشن کے اشتراک سے تعمیر ہونیوالی اسکول کی بلڈنگ کا دورہ کر رہے ہیں

کرپشن کی وجہ سے عوام کے مسائل حل نہیں ہو رہے ہیں، عامر حسین مگسی

ملک میں بڑے چور کی سزا کم اور چھوٹے چوروں کی سزا بڑی یہ عوام کی امنگوں کیساتھ مذاق کے مترادف ہے، رہنما پی ٹی آئی

حب (پ ر) پاکستان تحریک انصاف لسبیلہ کے سینئر رہنما عامر حسین مگسی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ ملک میں بڑے چور کی سزا کم اور چھوٹے چوروں کی سزا بڑی یہ عوام کی امنگوں کیساتھ مذاق کے مترادف ہے انہوں نے کہا کہ نیب کی کاروائیاں اچھی رہیں لیکن ان کاروائیوں کا اختتام اچھا (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

ڈی پی او لسبیلہ عبدالرؤف بڑیچ کی زیر صدارت محرم الحرام کے حوالے سے اہم اجلاس

محرم الحرام کے موقع پر ضلع بھر میں سیکورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کیئے جائیں گے، ڈی پی او لسبیلہ

اوتھل (رپورٹ، محمد عمر لاسی) ڈی پی او لسبیلہ عبدالرؤف بڑیچ کی زیر صدارت محرم الحرام کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں شعبہ کونسل لسبیلہ رہنماؤں نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی پی او لسبیلہ عبدالرؤف بڑیچ نے کہا کہ محرم الحرام کے موقع پر ضلع بھر (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

بیلہ: ٹرسٹی فاؤنڈر OSDI کے ڈائریکٹر مینجمنٹ معروف سماجی رہنما عاصم عظیم صدیقی ایف سی کیمپ بیلہ میں OSDI اور حسن جاموٹ ویلفیئر فاؤنڈیشن کے اشتراک سے تعمیر ہونیوالی اسکول کی بلڈنگ کا افتتاح کر رہے ہیں اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لسبیلہ مجیب الرحمٰن قمبرانی، ممتاز معروف

لسبیلہ میں اسکولز اینڈ کالجز کی سطح پر گمیز کا انعقاد آج کیا جائے گا

اوتھل (نمائندہ خصوصی) محکمہ کھیل حکومت بلوچستان کے تعاون ومحکمہ کھیل ضلع لسبیلہ کے زیر نگرانی اور محکمہ تعلیم کے زیر اہتمام لسبیلہ میں اسکولز اینڈ کالجز کی سطح پر گمیز کا انعقاد آج کیا جائے گا (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

سابق رکن قومی اسمبلی مولانا اعظم طارق قتل کیس کی سماعت 21 ستمبر تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے سابق رکن قومی اسمبلی مولانا اعظم طارق قتل کیس کی سماعت 21 ستمبر تک ملتوی کر دی۔ جمعرات کو ملزم سبطین کاظمی کو سخت سیکورٹی میں عدالت میں پیش کیا گیا، سماعت کے موقع پر ملزم کی جانب سے ذوالفقار عباس نقوی ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے ملزم کی مقدمہ (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، ایئرپورٹ روڈ پر گھر میں آگ لگنے سے جھلس کر خاتون جاں بحق ہوگئی

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) کوئٹہ کے علاقے ایئرپورٹ روڈ پر گھر میں آگ لگنے سے جھلس کر خاتون جاں بحق ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کو کوئٹہ کے علاقے ایئرپورٹ روڈ پر واقع کلی عمر میں گیس لیکج سے آگ بھڑک اٹھی جس میں دم گھٹنے سے نسرین نامی خاتون جاں بحق ہوگئی ریسکیو حکام نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پالیا اور لاش کو سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کر دیا

تعلیمی بہتری کیلئے کسی قسم کا کمپرومائز نہیں کیا جائیگا ہارون رشید

اساتذہ کی خالی آسامیوں پر جلد تعیناتیاں کی جائیں گی، غیر حاضر اساتذہ کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی، ڈپٹی سیکریٹری جوڈیشل ایجوکیشن بلوچستان

علاقے دور دراز ہونے کی وجہ سے درسی کتب کی تقسیم لیٹ ہو جاتی ہے لیکن پھر بھی ہم کوشش کریں گے آئندہ درسی کتب وقت پہنچائی جائیں تاکہ طلباء کی تعلیم متاثر نہ ہو، صحافیوں سے گفتگو

اوتھل (رپورٹ، محمد عمر لاسی) ڈپٹی سیکریٹری جوڈیشل ایجوکیشن بلوچستان ہارون رشید ضلع لسبیلہ کے دورے پر پہنچ گئے۔ اوتھل میں ماڈل ہائی اسکول اوتھل، گورنمنٹ گرلز ہائیر اسکول اوتھل، مڈل اسکول آوادان اور دیگر مختلف اسکولوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی بہتری کے لئے کسی قسم کا کمپرومائز نہیں کیا جائے گا۔ اساتذہ کی خالی آسامیوں پر جلد تعیناتیاں کی جائیں گی۔ غیر حاضر اساتذہ کت خلاف (بقیہ نمبر6 صفحہ 2 پر)

بیلہ: ٹرسٹی فاؤنڈر OSDI کے ڈائریکٹر مینجمنٹ معروف سماجی رہنما عاصم عظیم صدیقی، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ مجیب الرحمن قمبرانی، ممتاز معروف قبائلی شخصیت وسماجی رہنما وڈیرہ محمد حسن جاموٹ بیلہ میں کرنل ایف سی محمد جنید اکبر سے ملاقات کر رہے ہیں اس موقع پر دیگر معززین بھی موجود ہیں

باغبانہ کو تحصیل کا درجہ دیکر اہل علاقہ پر

پرانا ڈسٹرکٹ کالونی شہری محلہ جمالی محلہ روجھو کالونی لنگاہ محکمہ ودیگر محلوں میں گندگی کے ڈھیر